نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں کل کپاس کی فصل کی نگہداشت سے متعلق اہم جلاس ہو گا

لاہور:30اگست2024( ) صوبہ بھر میں کپاس کی نگہداشتی امور سے متعلق اہم جائزہ اجلاس محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقد ہو گا۔31اگست بروز ہفتہ دوپہر 1 بجے منعقد ہونے والے اس اجلاس کی صدارت سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کریں گے۔ اجلاس میں کنسلٹنٹ / فوکل پرسن کاٹن محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب شعبہ توسیع، تحقیق، پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز، زرعی اطلاعات پنجاب،ڈائریکٹر سی آر آئی،ڈائریکٹر سی سی آر آئی،ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ ملتان،ڈی جی خان اور بہاولپور سمیت محکمہ انہار و ضلعی انتظامیہ کے افسران، کپاس کے ترقی پسند کاشتکاروں سمیت دیگر متعلقہ سٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔اس اجلاس میں کپاس کی بوائی کی نگہداشت،بارشوں کے بعد کپاس کی صورتحال، پیسٹ سرویلنس، دستیاب وسائل، سہولت سینٹرز کے قیام، موسمی صورت حال سمیت دستیاب نہری پانی، زرعی مداخل و کپاس کی صاف چنائی بارے دیگر امور زیر بحث آئیں گے۔

0-0-0-0-0